## سوال

(310)شوال کے روزوں کےلیے یہ شرط نہیں کہ مسلسل رکھے جائیں

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شوال کےچھ روزوں کےلیے یہ لازمی ہے کہ مسلسل رکھے جائیں یا پورے مہینے میں الگ الگ رکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شوال کےچھ روزے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے ثابت ہیں، ان کو مسلسل اور متفرق دونوں طرح رکھنا جائز ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان روزوں کا مطلقا ذکر فرمایا ہے اوراس بات کا کوئی ذکر نہیں کیا کہ انہیں مسلسل رکھا جائے یا الگ الگ۔ چنانچہ اس سلسلہ میں آپ کا فرمان ہے :

(من صام رمضان ثم اتبعه ستا من شوال فذلک صیام الدہر) (صحیح مسلم' الصیام' باب استحباب صوم ستة ایام الخ' ح: 1164 وجامع الترمذي' الصوم' باب ما جاء فی صیام ستة الخ' ح: 759 واللفظ لہ)

''جس نے رمضان کے روزے رکھے اور پھر اس کے بعد شوال کےچھ روزے رکھے تو وہ اس طرح ہے جیسے سال بھر کے روزے رکھے ہوں۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب الصیام : ج 2 صفحہ 226**